سب سے افضل دن جس میں سورج نکلا، جمعہ کا دن ہے

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم نے فرمایا : "سب سے افضل دن جس میں سورج نکلا، جمعہ کا دن ہے اسی دن آدم (علیہ السلام) پیدا کیے گئے، اسی دن جنت میں داخل کیے گئے، اسی دن جنت سے نکالے گئے اور اسی دن قیامت قائم ہوگی"

[صحیح] [رواہ مسلم]

اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم بتا رہے ہیں کہ سب سے بہتر دن، جس میں سورج نکلتا ہے، جمعہ کا دن ہے اس دن کے کچھ خصائص اس طرح ہیں : اس دن اللہ نے آدم علیہ السلام کو پیدا کیا، اسی دن ان کو جنت میں داخل کیا، اسی دن کو ان کو جنت سے نکال کر زمین پر اتارا اور قیامت بھی جمعہ کے دن قائم ہوگی

http://sunnah.global/hadeeth/ur/show/3711